© rasailojaraid.com



ادارہ

# مسافرانِ آخرت

● **اہلیہ مرحومہ صوفی عبدالشکور:** مجلس احرار اسلام بورے والہ کے امیر صوفی عبدالشکور صاحب کی اہلیہ اور حافظ عبدالباسط کی والدہ مرحومہ۔ انتقال: ۱۲؍ جولائی ۲۰۱۱ء۔ مجلس احرار اسلام کے سیکرٹری جنرل جناب عبداللطیف خالد چیمہ نے نمازِ جنازہ میں شرکت کی جبکہ مولانا منظور احمد (چیچہ وطنی) نے نمازِ جنازہ پڑھائی۔ عبداللطیف خالد چیمہ، محمد ارشد چوھان، محمد آصف چیمہ نے بھی نماز جنازہ میں شرکت کی۔ قائد احرار حضرت پیر جی سید عطاء المہیمن بخاری مدظلہٗ، سید محمد کفیل بخاری، سید عطاء المنان بخاری اور مولانا محمد فیصل متین سرگانہ، مولانا فضل حسین، حافظ محمد شفیق، محمد نوید طاہر، رانا عابد حسین، رانا خالد محمود نے صوفی عبدالشکور صاحب کے گھر جا کر تعزیت اور دعاءِ مغفرت کی۔ مرحومہ پابند صوم وصلوٰۃ اور انتہائی صالحہ خاتون تھیں۔

● **محمد اسامہ مرحوم:** جامعہ قادریہ رحیم یار خان کے مہتمم حضرت مولانا قاضی عزیز الرحمٰن کے جواں سال بھانجے محمد اسامہ انتقال کر گئے۔

● **نذیر احمد مرحوم:** مجلس احرار اسلام چیچہ وطنی کے قدیم کارکن سعید احمد عارفی اور عارف والا کے مشہور عالم دین مولانا محبوب الرحمٰن کے والدِ گرامی نذیر احمد انتقال فرما گئے۔ ۵؍ جولائی بدھ کو مرحوم کی نماز جنازہ تبلیغی مرکز رائے ونڈ کے بزرگ مولوی اعجاز حسین نے پڑھائی عبداللطیف خالد چیمہ، مولانا منظور احمد اور محمد ارشد چوھان نے نماز جنازہ میں شرکت کی اور تعزیت کا اظہار کیا۔

● چیچہ وطنی کے چک نمبر 108-12۔ ایل کے مولانا مفتی عطاء اللہ کے والد گرامی گزشتہ دنوں انتقال فرما گئے۔

● **جناب محمد شریف مرحوم:** مجلس احرار اسلام کہروڑ پکا کے کارکن صوفی عبداللطیف کے بڑے بھائی جناب محمد شریف مرحوم۔ انتقال: ۱۲؍ جولائی ۲۰۱۱ء ● **سعید احمد مرحوم:** لاہور میں ہمارے قدیم مہربان حاجی محمد احمد صاحب کے داماد اور بھائی عزیز احمد کے بہنوئی سعید احمد گزشتہ ماہ انتقال کر گئے۔

● **محمد اطہر مرحوم:** مجلس احرار اسلام خان پور کے امیر چودھری عبدالجبار صاحب کے جواں سال بھتیجے محمد اطہر گزشتہ ماہ مکہ مکرمہ میں انتقال کر گئے۔

● **صوفی محمد سرور حسن رحمۃ اللہ علیہ:** معروف مبلغ وخطیب مولانا سلطان محمود ضیاء (ملتان) کے والدِ ماجد صوفی محمد سرور حسن گزشتہ ماہ انتقال کر گئے۔ مرحوم صوفی صاحب علماء کی صحبتیں اٹھانے والے اور دینی اجتماعات میں اہتمام سے شرکت کرنے والے ایک صالح انسان تھے۔ جانشین امیر شریعت حضرت مولانا سید ابومعاویہ ابوذر بخاری قدس سرہٗ کے دروسِ قرآن کے مستقل سامع تھے۔ انھوں نے تحریک ختمِ نبوت اور تحریک دفاعِ ناموس صحابؓ میں نہایت سرگرمی سے حصہ لیا۔

● **بھائی عبیداللہ مرحوم:** حافظ محکم دین رحمۃ اللہ علیہ (شہلی غربی، حاصل پور) کے فرزند، حافظ کفایت اللہ مرحوم کے بھائی اور حافظ محمد معاویہ، محمد مغیرہ کے چچا، بھائی عبیداللہ ۷؍ جولائی ۲۰۱۱ء کو انتقال کر گئے۔ سید محمد کفیل بخاری نے نماز جنازہ پڑھائی۔ سید عطاء المنان بخاری بھی نمازِ جنازہ میں شریک ہوئے۔

● **والدہ مرحومہ رئیس حبیب احمد:** ہمارے دیرینہ کرم فرما جناب رئیس حبیب احمد کی والدہ ماجدہ ۱۹؍ جولائی کو لاہور میں انتقال کر گئیں۔ اُن کی نمازِ جنازہ ابدالی مسجد ملتان میں ادا کی گئی اور مرحومہ کو ملتان میں ہی سپرد خاک کیا گیا۔



© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



● **خالہ مرحومہ و ماموں زاد بہن محمد یوسف شاد:** نقیبِ ختمِ نبوت کے سرکولیشن مینجر محمد یوسف شاد کی خالہ مرحومہ اُمِّ طارق ماہ جون اور ماموں زاد بہن اُمِّ صفدر ماہ جولائی میں انتقال کر گئیں۔

● **والدہ محترمہ طارق محمود باجوہ:** شورکوٹ سے نقیبِ ختمِ نبوت کے قاری جناب طارق محمود باجوہ کی والدہ ماجدہ اور مولانا محمد مراد (فاضل دیوبند) کی بیٹی ۱۶/مئی ۲۰۱۱ء کو انتقال کر گئیں۔

احباب وقارئین سے تمام مرحومین کے لیے دعاءِ مغفرت و ایصالِ ثواب کے اہتمام کی درخواست ہے۔ (آمین)

## جناب عبدالرحمٰن باوا کے لیے دعاءِ صحت

لندن (۲۷/ جولائی) عالمی مبلغ ختمِ نبوت اور ختمِ نبوت اکیڈمی لندن کے سربراہ جناب عبدالرحمٰن باوا عارضۂ قلب میں مبتلا ہیں۔ اُن کا بائی پاس آپریشن ہونا ہے۔

تحریکِ ختمِ نبوت سے وابستہ تمام کارکنوں، علماء اور احباب سے درخواست ہے کہ محترم عبدالرحمٰن باوا کے کامیاب آپریشن اور جلد از جلد صحت یابی کے لیے خصوصی دعاؤں کا اہتمام فرمائیں۔ اللہ تعالیٰ انھیں صحتِ کاملہ عطاء فرمائیں۔ (آمین)

## مدرسہ معمورہ میں درجہ مشکوٰۃ شریف کا اجراء

ان شاء اللہ آئندہ تعلیمی سال شوال ۱۴۳۲ھ مدرسہ معمورہ ملتان میں حدیث شریف کے اسباق شروع کیے جا رہے ہیں اور درجہ مشکوٰۃ کا اجراء کیا جا رہا ہے۔ علما، طلبا اور احبابِ احرار سے درخواست ہے کہ کامیابی کے لیے خصوصی دعائیں فرمائیں۔ اللہ تعالیٰ ہمیں یہ سعادت عطا فرما دیں کہ حدیث رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اور درود شریف کی صدائیں ہمارے مدرسہ میں مسلسل بلند ہوتی رہیں۔ نیز رزّاقِ مطلق جل شانہٗ اپنے خزانۂ غیب سے مدارس دینیہ کی مدد فرمائیں۔ (آمین) ناظم مدرسہ معمورہ


## رمضان المبارک میں تحریک تحفظِ ختمِ نبوت اور مدارس سے تعاون کیجیے

● مدرسہ معمورہ اور جامعہ بستان عائشہ کی ضروریات ● تعمیری اخراجات
● تحفّظِ ختمِ نبوت کے لٹریچر کی اشاعت کے لیے

اپنی زکوٰۃ و صدقات، خیرات اور عطیات زیادہ سے زیادہ عنایت فرما کر ہماری دینی جدوجہد میں شامل ہوں۔

ملتان میں ہمارے سفیر: جناب عبدالحکیم 0302-7719883
مزید رابطہ نمبرز: 061-4511961,0300-6326621

منجانب: ناظم مدرسہ معمورہ دارِ بنی ہاشم مہربان کالونی ملتان




© rasailojaraid.com